# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: یونٹ:1 | جماعت: چہارم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:4 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:1 | سبق کا نام: صفائی میں ہی صحت ہے | |

**مقاصد:** الفاظ کے معانی لکھ سکیں۔

سوالات کے جوابات لکھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** تختۂ تحریر، بورڈ مارکر / چاک، کتاب "اردو چہارم"، مختلف بچوں کے ناموں کی پرچیاں، گیندیں، بوتلیں

**تحریکی سرگرمی:** (10منٹ)

- کمرہ جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- اب جماعت کے بچوں کے دو گروہ بنا دیں اور انھیں گروہ بادل اور گروہ دھنک کا نام دے دیں۔
- مختلف بچوں کے ناموں کی پرچیاں بند کر کے ایک ٹوکری میں ڈال دیں۔ اس سرگرمی کے لیے ان بچوں کا انتخاب کریں جنھوں نے گذشتہ روز سبق نہ پڑھا ہو اور وہ کمرہ جماعت میں ہونے والی سرگرمیوں میں حصہ لینے سے کتراتے ہوں۔
- بورڈ کو دو برابر حصوں میں تقسیم کر دیں اور ان میں گروہ بادل اور گروہ دھنک لکھ دیں۔ اب باری باری پرچیاں کھولیں، جن بچوں کے نام آئیں، ان سے سبق کی پڑھائی کروائیں۔ درست تلفظ کے چار نمبر ہوں گے۔ اس طرح جس جس گروہ کا بچہ پڑھے، اس کے نمبر ساتھ ساتھ بورڈ پر متعلقہ گروہ کے خانے میں لکھتے جائیں۔ آخر میں جس گروہ کے نمبر زیادہ ہوں گے، وہ جیت جائے گا۔

**تدریسی طریقہ کار:** (20منٹ)

- بچوں کو بتائیں کہ آج ہم کچھ نئے الفاظ اور ان کے معانی سیکھیں گے
- اب بورڈ پر دو کالم بنائیں۔ ایک کالم میں "الفاظ"، دوسرے میں "معانی" کی سرخی لکھیں۔ اب الفاظ والے کالم میں کتاب کے صفحہ نمبر 57 پر دیے ہوئے الفاظ میں سے ایک لفظ "مبتلا" لکھیں اور بچوں سے اس کا درست تلفظ پوچھیں۔ اسی طرح یہ نئے الفاظ کے تحت دیے گئے بقیہ الفاظ پر بھی کروائیں۔ ساتھ ساتھ بچوں سے ان کا تلفظ پوچھیں، نہ آنے کی صورت میں ان کی اصلاح کریں۔ اب کوئی لفظ بولیں اور بچوں سے پوچھیں کہ کس بچے کو اس لفظ کا مطلب معلوم ہے کیونکہ بچے ان الفاظ کے معنی کر چکے ہیں۔؟ جو بچہ بتائے، اس کے لیے تالیاں بجوا کر حوصلہ افزائی کریں اور معانی والے کالم میں اس لفظ کے سامنے اس کا معانی لکھ دیں۔
- اب بچوں کے چھے گروہ بنا دیں۔ چھے گیندیں لیں اور ان پر الفاظ "مبتلا، ناقص، حفظانِ صحت، برہم ہونا، نشوونما، پُراعتماد، گھل مل کر، آیندہ" کی چٹیں لگا دیں۔

- یہ گیندیں ایک ٹوکری میں رکھ کر باری باری بچوں سے سامنے کریں اور انھیں کہیں کہ وہ اس ٹوکری میں سے اپنی پسند کی کوئی گیند اٹھالیں۔

اب جماعت میں ایک طرف چھے بوتلیں ایک قطار میں توڑے تھوڑے فاصلے پر رکھ دیں، جن پر الفاظ "پھنساہوا، خراب، صحت کا بچاؤ، ناراض ہونا، پرورش پانا، یقین سے بھرپور، اکٹھے ہو کر، آنے والا" کی چٹیں لگی ہوں۔

- اب بچوں سے کہیں کہ ان کے پاس جو گیند آئی ہے، اس پر لکھاہوا لفظ پڑھیں، اس کا معانی سوچیں۔ پھر کسی ایک گروہ کے بچے کو گیند سمیت بلائیں اور اس سے کہیں کہ وہ اس کے پاس جس لفظ پر مبنی گیند آئی ہے، بوتلوں میں دیکھے کہ کس بوتل پر اس لفظ کا معانی لکھا ہے، اس بوتل کو گیند سے گرائے۔ درست بوتل گرانے پر اس گروہ کو چار نمبر ملیں گے۔ جب کہ غلط بوتل گرانے اور غلط معانی بتانے پر اس گروہ کے دو نمبر کٹ جائیں گے۔ اس طرح سے یہ سرگرمی باقی گروہوں سے بھی کروائیں۔ جس گروہ نے معانی کی درست نشان دہی کی ہو گی، وہ فاتح قرار پائے گا۔
- اب بورڈ پر مشق کے سوال نمبر 2 کے تحت دیے ہوئے پانچ سوالات لکھ کر ان کے نیچے جوابات لکھنے کی جگہ خالی چھوڑ دیں۔
- بچوں سے سوالات کی خواندگی کروائیں، پھر ان کے جوابات پوچھیں۔ سوالات کے جوابات ساتھ ساتھ بورڈ پر متعلقہ سوالات کے نیچے لکھ کر ان کی بلند خوانی کروائیں۔
- اب بورڈ پر مشق کے سوال نمبر 1 کے تحت دیے ہوئے پہلے پانچ سوالات لکھ کر ان کے نیچے جوابات لکھنے کی جگہ خالی چھوڑ دیں۔ بچوں سے سوالات کی خواندگی کروائیں، پھر ان کے جوابات پوچھیں۔ سوالات کے جوابات ساتھ ساتھ بورڈ پر متعلقہ سوالات کے نیچے لکھ کر ان کی بلند خوانی کروائیں۔
- اب بچوں سے کہیں کہ وہ اپنی کاپیاں کھولیں اور مشق کے سوال نمبر 1 میں دیے گئے پہلے چار سوالات کے جوابات بورڈ سے دیکھ کر اپنی کاپیوں میں لکھیں۔ اس دوران میں ان کی نگرانی کریں اور جہاں انھیں مشکل پیش آئے، ان کی مدد کریں۔

**اعادہ:** (3منٹ) پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کروائیں اور غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔

**جائزہ:** (5منٹ) ایک ٹوکری میں جماعت کے کوئی سے چھے بچوں کے ناموں اور الفاظ "مبتلا، ناقص، حفظانِ صحت، برہم ہونا، نشوونما، پُر اعتماد، گھل مل کر، آیندہ" کی پرچیاں اس طرح سے ڈال دیں کہ نام کے ساتھ لفظ لکھا ہو۔ پرچی اٹھائیں اور جس بچے کا نام آئے گا وہ اس پر لکھے ہوئے لفظ کا معانی اور اس سے متعلقہ ایک جملہ بتائے گا۔

**گھر کا کام:** (2منٹ) ورک شیٹ حل کریں۔

# ورک شیٹ (ہوم ورک)

دیے گئے الفاظ کے معانی بتائیں۔

| الفاظ | معانی | الفاظ | معانی |
|---|---|---|---|
| مُبتلا | | نشوونما | |
| ناقِص | | پُر اِعتماد | |
| حفظانِ صحّت | | گُھل مِل کر | |
| برہم ہونا | | آیندہ | |

سوالات کے مختصر جواب لکھیں۔

۱۔ عالیہ کو بخار کیوں ہو گیا تھا؟

جواب: ________________________________

۲۔ بازار کی چیزیں کیسے تیار کی جاتی ہیں؟

جواب: ________________________________

۳۔ جراثیم جسم میں داخل ہو کر کیا کرتے ہیں؟

جواب: ________________________________

۴۔ صحت وصفائی کا خیال نہ رکھنے کا نتیجہ کیا ہوتا ہے؟

جواب: ________________________________

۵۔ صحت مند رہنے کے لیے ہمیں کیا کرنا چاہیے؟

جواب: ________________________________

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: یونٹ:1 | جماعت: چہارم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:4 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:2 | سبق کا نام: صفائی میں ہی صحت ہے | |

**مقاصد:** درست جواب کے گرد دائرہ لگا سکیں۔

غلط درست فقرات کی نشان دہی کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کٹڈ زاُردو جماعت چہارم کی کتاب، مشکل الفاظ پر مشتمل پرچیاں

**تحریکی سرگرمی:** (5منٹ)

- تختۂ تحریر، بورڈ مارکر / چاک، کتاب "اردو چہارم"، گھنٹی، سوال نمبر 3 سے متعلق جملوں پر مبنی پرچیاں
- کمرہ جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں۔ بچوں کو السّلام علیکم کہیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔ گزشتہ روز کے کام کے بارے میں دریافت کریں۔
- بچوں کے تین گروہ بنا دیں اور ہر گروہ میں سے ایک ایک بچے کو بلا کر انھیں ایک دائرے میں کھڑا کر دیں۔
- اب دائرے میں کھڑے ایک بچے کو گیند دیں۔ خود گھنٹی بجانا شروع کریں اور اس بچے سے کہیں کہ وہ گیند اگلے بچے کو دے دے۔ اس طرح سے بچے گیند ایک دوسرے کو دیتے جائیں۔ اچانک گھنٹی بجانا بند کر دیں۔ اس وقت گیند جس بچے کے ہاتھ میں ہو گی، اس بچے سے سبق کی تفہیم کے سوال نمبر 1 کے تحت دیے ہوئے سوالات میں سے متعلق کوئی سوال پوچھیں۔ بچہ اس سوال کا جواب دے گا۔ درست جواب پر اس گروہ کو دو نمبر مل جائیں گے اور غلط جواب پر کسی دوسرے گروہ کے بچے کو جواب بتانے کا موقع دیا جائے گا۔ اس طرح سے یہ سرگرمی باقی سوالات پر کروائیں۔ آخر میں جس گروہ کے نمبر زیادہ ہوں گے، وہ جیت جائے گا۔

**تدریسی طریقہ کار:** (25منٹ)

- بچوں کو ایک بار سبق کا مطالعہ کرنے کے لیے کہیں۔
- بچوں سے کہیں کہ آج ہم پڑھائے گئے سبق سے متعلق درست جوابات کی شناخت کرنے کی سرگرمی کریں گے۔
- سوال 2 کے تحت دیے ہوئے جملوں کی پرچیاں بنائیں۔ 7 کارڈ لیں، جن پر 4 ممکنہ جوابات لکھے ہوں، جن میں سے 3 غیر متعلقہ اور ایک جواب درست ہو۔ ایک جملے کے 2 کارڈ اس حساب سے کل 14 کارڈ بنائیں۔ یہ کارڈ اور جملوں کی پرچیاں پلاسٹک کی تھیلیوں میں اس طرح سے ڈال دیں کہ ایک تھیلی میں ایک جملے اور اس سے متعلقہ ممکنہ جوابات کے کارڈ ہوں۔

- بچوں کو سات گروہوں میں تقسیم کریں اور انھیں یہ پلاسٹک کی تھیلیاں دے دیں۔ بچوں سے کہیں کہ وہ تھیلیاں کھول کر ان میں سے جملوں کی پرچیاں اور ممکنہ جوابات کے کارڈ نکالیں۔ پھر سبق کے مطابق درست جواب کی نشان دہی دائرہ لگا کر کریں۔ ہر گروہ کو مخصوص وقت دیں۔
- اس دوران میں بورڈ پر سوال 2 کے تحت دیے ہوئے جملے اور ان کے ممکنہ جوابات لکھ دیں۔
- مقررہ وقت کے بعد کوئی جملہ بولیں۔ جس گروہ کے پاس اس جملے پر مبنی پرچی آئی ہو گی، اس کا لیڈر آ کر بورڈ پر اس جملے کو تلاش کرے گا اور درست جواب والے ڈبے میں رنگ بھرے گا۔ ساتھ ساتھ بچوں سے اس کی خواندگی بھی کرواتے جائیں۔
- درست جواب پر حوصلہ افزائی کریں اور غلط جواب پر کسی دوسرے گروہ کو بتانے کا موقع دیں۔ اس طرح سے یہ سرگرمی باقی جملوں پر دوسرے گروہوں کے لیڈروں سے بھی کروائیں۔
- سرگرمی کے اختتام پر بچوں کو شاباش دیں۔
- سوال نمبر 3 کی سرگرمی کروانے کے لیے جملوں کے کارڈ بنائیں۔
- متفرق بچوں کو بلائیں اور ان سے جملوں کے صحیح یا غلط ہونے کی نشان دہی کروائیں۔

**اعادہ:** (3 منٹ) پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کرائیں اور اصلاح کریں۔

**جائزہ:** (5 منٹ) اب بورڈ پر سوال 2 کے تحت دیے ہوئے جملے اور ان کے ممکنہ جوابات لکھ دیں۔ مختلف بچوں کو بلا کر ان سے درست جواب کے گرد دائرہ لگوائیں۔ غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔

**گھر کا کام:** (2 منٹ) جماعت میں کروایا گیا سبق دہرائیں۔

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: یونٹ:1 | جماعت: چہارم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:4 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:3 | سبق کا نام: صفائی میں ہی صحت ہے | |

**مقاصد:** موضوع سے متعلق اظہار خیال کر سکیں۔

سُن کر صحیح اور غلط تلفظ میں فرق کر سکیں۔

پچاس سے ساٹھ تک گنتی اردو ہندسوں اور لفظوں میں لکھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** تختۂ تحریر، بورڈ مارکر / چاک، تختہ تحریر، کتاب "اردو چہارم"، تصویریں، سادہ شیٹیں

**تحریکی سرگرمی:** (5منٹ)

- جماعت میں داخل ہوتے ہی بچوں کو السّلام علیکم کہیں اور اُن کی خیریت معلوم کریں۔ گذشتہ روز کے کام کے بارے میں دریافت کریں۔ کمرہ جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- اب بچوں کے چھے گروہ بنادیں اور ہر گروہ کا ایک لیڈر بھی نامزد کر دیں۔ کاغذ کی چھے پرچیاں لیں جن پر گنتی ایک تا پچاس میں سے کوئی سے چھے اعداد سے متعلق مختلف چیزوں کی تصویریں بنی ہوں۔ جیسے: 25 غباروں کی تصویریں، 10 پھولوں کی تصویریں وغیرہ۔ یہ پرچیاں بچوں میں تقسیم کر دیں۔ بچوں سے کہیں کہ وہ پرچیوں پر بنی ہوئی تصاویر گنیں اور ان کی تعداد لفظی گنتی میں ان کے سامنے لکھیں۔ اس کے لیے انھیں ایک سے دو منٹ کا وقت دیں۔
- مقررہ وقت کے بعد ہر گروہ کے لیڈر کو باری باری بلا کر انھیں پرچیاں بورڈ پر چسپاں کر کے ان پر لکھی ہوئی لفظی گنتی پڑھ کر سنانے کے لیے کہیں۔ درست سرگرمی کرنے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوا کر ان کی حوصلہ افزائی کریں۔

**تدریسی طریقہ کار:** (25منٹ)

- اب بورڈ پر الفاظ مُحبت اور مَحبت لکھیں۔ بچوں سے ان کی آوازوں کی ادائیگی کروائیں۔ بچوں سے پوچھیں کہ یہ الفاظ لکھنے میں تو ایک جیسے ہیں۔ ان کے تلفظ میں تبدیلی کس چیز کی وجہ سے آئی ہے؟ بچوں کو بتائیں کہ الفاظ پر اعراب لگنے سے ان کا مطلب اور تلفظ بعض اوقات تبدیل ہو جاتا ہے اور بعض دفعہ الفاظ پر اعراب نہ لگے ہونے کی وجہ سے ان کا درست تلفظ پتہ نہیں چلتا۔ اب بچوں سے پوچھیں کہ الفاظ مُحبت اور مَحبت میں سے درست تلفظ والا لفظ کون سا ہے؟ بچوں کے جوابات کی حوصلہ افزائی کریں۔ بچوں کو بتائیں کہ مُحبت اور مَحبت میں سے درست تلفظ والا لفظ "مَحبت" ہے۔
- بچوں کو بتائیں کہ آج ہم مختلف الفاظ سنیں گے اور ان میں موجود غلطی کی نشان دہی کر کے درست تلفظ کے ساتھ الفاظ دوبارہ سنائیں گے۔

- اب بچوں کے پانچ گروہ بنادیں۔ بچوں سے کہیں کہ سوال نمبر 5 میں دیئے گئے الفاظ غور سے سنیں اور ان میں موجود غلط تلفظ والے الفاظ کی نشان دہی کریں۔
- اب بورڈ پر دو کالم بنا کر ایک میں اردو گنتی اور دوسرے میں ہندسی گنتی کی سرخی دیں۔ بورڈ پر ایک طرف سوال نمبر 6 کے تحت دی گئی گنتی کے حروف لکھ دیں۔ بچوں سے گنتی پڑھوائیں۔ اب بچوں سے پوچھیں کہ ان میں اردو گنتی کون سی ہے؟ بچوں کے جوابات لیں۔ اب گنتی والے کالم میں اردو گنتی کے حروف جوڑ کر لکھیں اور پڑھائیں۔
- اب بچوں کے دو گروہ بنادیں۔ ان سے کہیں کہ آپ باری باری اردو گنتی بولیں گے / گی۔ انھوں نے غور سے سننا ہے۔
- اور حروف جوڑ کر لفظی گنتی لکھنی ہے۔
- درست طور پر یہ سرگرمی کرنے والے گروہ کو شاباش دیں۔
- اب جماعت کو 4 گروہوں میں تقسیم کر دیں اور ہر گروہ کو ایک مخصوص نام دیں۔ اس مقصد کے پیش نظر بچوں کی تعداد کے مطابق الفاظ بادل، دھنک، سورج، چاند پر مبنی پرچیاں بنائیں اور بند کر کے ایک ٹوکری میں ڈال دیں۔ باری باری جماعت کے تمام بچوں کو ایک ایک پرچی اُٹھانے کے لیے کہیں۔ جس بچے کے ہاتھ میں جو پرچی آئے اور اس پر جو لفظ لکھا ہو، وہ اس گروہ کا رکن بنتا جائے گا۔ انھیں سادہ شیٹیں دے دیں۔
- اب بورڈ پر سوال لکھیں: آپ صحت مند رہنے کے لیے اپنی صفائی کا خیال کیسے رکھتے ہیں؟
- اب بچوں سے کہیں کہ وہ موضوع سے متعلق آپس میں بات چیت کریں۔ اس کے لیے انھیں مخصوص وقت دیں۔ مقررہ وقت کے بعد ہر گروہ سے ان کے جوابات باری باری سنانے کے لیے کہیں۔ درست طور پر یہ سرگرمی کرنے والے بچوں کو شاباش دیں۔

**اعادہ:** (3 منٹ) پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کروائیں اور غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔

**جائزہ:** (5 منٹ) بورڈ پر ایک طرف سوال نمبر 6 کے تحت دی گئی گنتی کے حروف لکھیں۔ اب بورڈ پر دو کالم بنا کر ایک میں اردو گنتی اور دوسرے میں ہندسی گنتی کی سرخی دیں۔ مختلف بچوں کو باری باری بلا کر ان سے لفظی گنتی لکھوائیں۔ غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔

**گھر کا کام:** (5 منٹ) جماعت میں کروایا گیا کام دہرائیں۔

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: یونٹ:1 | جماعت: چہارم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:4 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:4 | سبق کا نام: صفائی میں ہی صحت ہے | |

**مقاصد:** عبارت پڑھ کر سوالات کے جوابات دے سکیں۔

رموزِ اوقاف (قوسین) کا درست استعمال کر سکیں۔

تذکیر و تانیث کے مطابق الفاظ کا جملوں میں استعمال کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کٹڈ اُردو جماعت چہارم کی کتاب

**تحریکی سرگرمی:** (5منٹ)

- کمرہ جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- بچوں کے چار گروہ بنا دیں اور ہر ایک کا ایک لیڈر منتخب کر دیں۔
- سوال نمبر 7 میں دی گئی عبارت خاموشی اور توجہ سے پڑھوائیں۔
- اس کام کے لئے انہیں وقت دیں۔
- مقررہ وقت کے بعد ہر گروہ میں سے متفرق بچوں سے عبارت سے متعلق سوالات کریں۔
- درست جواب دینے والے گروہ کو شاباش دیں۔

**تدریسی طریقہ کار:** (25منٹ)

- اب بورڈ پر علامت قوسین کا کارڈ چسپاں کریں۔ بچوں کو سا کا نام بتائیں۔ بچوں کو بتائیں کہ آج ہم علامت قوسین کے بارے میں پڑھیں گے۔
- اب بورڈ پر درج ذیل جملے لکھیں۔ علی صاحب (جو میرے ہم جماعت تھے) آج مجھے اچانک بازار میں مل گئے۔
- بچوں کو جملہ پڑھنے کے لیے کہیں۔ بچوں کو بتائیں کہ اوپر دیے ہوئے جملے میں نمایاں کی گئی علامت قوسین کی ہے۔ بچوں کو بتائیں کہ قوسین قوس کی جمع ہے۔ اسے آپ ریاضی میں بریکٹ کے نام سے جانتے ہیں۔
- بچوں کو بتائیں کہ قوس کے معنی ہیں: کمان۔ قوسین میں دیے ہوئے الفاظ عام طور پر وجاحت کے لیے دیے جاتے ہیں جو اصل عبارت کا لازمی حصہ نہیں ہوتے۔ انھیں جملہ معترضہ کہتے ہیں۔ یہ علامت جملہ معترضہ کو عام عبارت سے الگ کرنے کے لیے استعمال کی جاتی ہے۔ مختلف مثالوں کے ذریعے سے اس کی وضاحت کریں۔
- اب بورڈ پر دو کالم بنا کر ایک میں جملے اور دوسرے میں علامت قوسین والے جملے کی سرخی لکھ دیں۔
- جملے والے کالم میں سوال نمبر 8 کے تحت دیا گیا پہلا جملہ لکھ دیں۔

| |
|---|
| • اب بچوں سے جملہ پڑھوائیں اور ان سے کہیں کہ جملے میں کس جگہ پر قوسین کی علامت آئے گی؟ بچوں کے جوابات لیں۔ جو بچہ پہلے ہاتھ کھڑا کرے، اسے بتانے کا موقع دیں۔ درست جواب پر حوصلہ افزائی اور غلطی پر اصلاح کریں۔ اب علامت قوسین والے کالم میں دوبارہ جملہ لکھیں اور اس میں درست جگہ پر قوسین کی علامت لگا کر جملے پڑھائیں۔ اس۔ اسی طرح سے یہ سرگرمی باری باری دوسرے جملوں پر بھی کروائیں۔<br>• سوال نمبر 9 کی سرگرمی کے لیے بچوں کو جملے پڑھنے کے لیے کہیں۔<br>• بورڈ پر چاک / مارکر سے چار گملے بنائیں۔ ان چاروں میں ایک ایک پھول بنائیں۔ ایک پھول کے درمیان میں جان دار مذکر، بے جان مذکر، جان دار مؤنث اور بے جان مؤنث لکھ دیں۔ اب متفرق بچوں کو باری باری بلائیں اور انھیں جان دار اور بے جان درست مذکر اور مؤنث کی نشان دہی کرنے کے لیے کہیں۔ درست مذکر اور مونث اسما کی نشان دہی کرنے والے بچوں کو شاباش دیں۔ |
| **اعادہ:** (3 منٹ) پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کروائیں اور غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔ |
| **جائزہ:** (5 منٹ) بورڈ سوال نمبر 8 کے تحت دیے گئے جملے لکھ دیں۔ مختلف بچوں کو باری باری بلا کر ان سے جملوں مین درست جگہ پر علامت قوسین لگوائیں۔ غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔ |
| **گھر کا کام:** (2 منٹ) بچوں سے کہیں کہ علامت قوسین پر مبنی پانچ جملے اپنی کاپیوں پر لکھ کر لائیں۔ |

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: یونٹ:1 | جماعت: چہارم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:4 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:5 | سبق کا نام: صفائی میں ہی صحت ہے | |

**مقاصد:** عددی ترتیب کو جملوں میں استعمال کر سکیں۔
اپنی سرگرمیوں کا روزنامچہ لکھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** تختۂ تحریر، بورڈ مارکر / چاک، تختہ تحریر، کتاب "اردو چہارم"، کاغذ کی چھے پرچیاں جن پر گنتی ایک تا بیس میں سے کوئی سے چھے اعداد سے متعلق مختلف چیزوں کی تصویریں بنی ہوں۔ جیسے: 6 غباروں کی تصویریں، 12 پھولوں کی تصویریں وغیرہ، چارٹ کی بنی ہوئی مختلف رنگوں کی چار قلفیاں

**تحریکی سرگرمی:** (5 منٹ)



- جماعت میں داخل ہوتے ہی بچوں کو السّلام علیکم کہیں اور اُن کی خیریت معلوم کریں۔ گذشتہ روز کے کام کے بارے میں دریافت کریں۔ کمرہ جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- اب بچوں کے چھے گروہ بنا دیں اور ہر گروہ کا ایک لیڈر بھی نامزد کر دیں۔
- کاغذ کی چھے پرچیاں لیں جن پر گنتی ایک تا دس میں سے کوئی سے چھے اعداد سے متعلق مختلف چیزوں کی تصویریں بنی ہوں ۔ جیسے: 6 غباروں کی تصویریں، 10 پھولوں کی تصویریں وغیرہ۔ یہ پرچیاں بچوں میں تقسیم کر دیں۔ بچوں سے کہیں کہ وہ پرچیوں پر بنی ہوئی تصاویر گنیں اور ان کی تعداد لفظی گنتی میں ان کے سامنے لکھیں۔ اس کے لیے انھیں ایک سے دو منٹ کا وقت دیں۔
- مقررہ وقت کے بعد ہر گروہ کے لیڈر کو باری باری بلا کر انھیں پرچیاں بورڈ پر چسپاں کر کے ان پر لکھی ہوئی لفظی گنتی پڑھ کر سنانے کے لیے کہیں۔ درست سرگرمی کرنے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوا کر ان کی حوصلہ افزائی کریں۔

**تدریسی طریقہ کار:** (25 منٹ)

- اب بورڈ پر جملہ "عائشہ ــــــــ جماعت میں پڑھتی ہے" لکھیں اور اس کے سامنے تین الفاظ "گیارھواں، گیارھوِیں، گیارھویں" لکھیں۔ بچوں سے جملے کی بلند خوانی کروائیں۔ بچوں سے پوچھیں کہ جملے کے مطابق کون سا لفظ خالی جگہ میں آنا چاہیے۔ بچوں کے جوابات کی حوصلہ افزائی کریں اور پھر خالی جگہ میں لفظ "گیارھوِیں" لکھ کر اس کی بلند خوانی کروائیں۔
- بچوں کو بتائیں کہ الفاظ گیارھواں، گیارھوِیں، گیارھویں عددی ترتیب ہیں۔
- بچوں کو بتائیں کہ وہ الفاظ جو چیزوں کی ترتیب اور درجوں کو ظاہر کریں "عددی ترتیب" کہلاتے ہیں۔

- اب بچوں کے 6 گروہ بنا دیں۔
- ہر گروہ کو چارٹ کی بنی ہوئی مختلف رنگوں کی چار قلفیاں دیں، جن میں لفظی گنتی "چودہ، سولہ، اٹھارہ، بیس، انیس، گیارہ" لکھے ہوں اور ان کے سامنے عددی ترتیب کی سرخی لکھی ہو۔ بچوں سے کہیں کہ وہ قلفی کے اندر لکھی ہوئی لفظی گنتی پڑھیں، پھر ان کے سامنے دی گئی جگہ میں عددی ترتیب لکھیں۔ اس کے لیے انھیں چند منٹ کا وقت دیں۔ اس دوران میں بورڈ پر دو کالم بنا کر ایک پر لفظی گنتی کی اور دوسرے پر عددی ترتیب کی سرخی لکھیں۔ لفظی گنتی والے کالم میں "چودہ، سولہ، اٹھارہ، بیس، انیس، گیارہ" لکھ دیں۔
- مقررہ وقت کے بعد کوئی عدد بولیں۔ جس گروہ کے پاس اس عدد پر مبنی قلفی ہو گی، اس گروہ کا کوئی بچہ آئے گا اور بورڈ پر لفظی گنتی والے کالم میں لکھے ہوئے اس لفظ کے سامنے اس لفظ کو عددی ترتیب میں لکھے گا۔ درست جواب پر حوصلہ افزائی اور غلطی کی صورت میں کسی دوسرے گروہ کو بتانے کا موقع دیں۔ اسی طرح یہ سرگرمی باقی گروہوں سے بھی کروائیں۔ آخر میں جس گروہ نے یہ سرگرمی درست طور پر کی ہو گی، وہ جیت جائے گا۔

- بچوں کو بتائیں کہ جس طرح ہم اسکول میں ڈائری لکھتے ہیں۔ اسی طرح ہمیں اپنے روزانہ کاموں کی ڈائری بھی لکھنی چاہیے۔ انسان یہ چاہتا ہے کہ وہ اپنے ماضی، حال اور مستقبل کے اہم واقعات و حالات کو یاد رکھے۔ ان میں ہونے والی اہم باتوں سے سبق حاصل کرے۔ اس مقصد کے لیے روزنامچہ یا ڈائری بہت مددگار ثابت ہوتی ہے۔ اس کے ساتھ ڈائری لکھنے کا ایک فائدہ یہ بھی ہے کہ اس کی لکھائی اور تحریر میں روانی اور خوب صورتی آتی ہے۔
- بچوں کو بتائیں کہ اپنے حالات و واقعات اور مشاہدات کو یاد رکھنے اور محفوظ کرنے کا سب سے اہم ذریعہ اس کو کاغذ پر اتار لینا ہے۔ جسے روزنامچہ یا ڈائری لکھنا کہتے ہیں۔ ڈائری لکھنے کا معمول صدیوں پرانا ہے۔ تسلسل کے ساتھ ڈائری لکھنا بے حد "مفید" عمل ہے۔
- بچوں کو ڈائری لکھنے کا طریقہ بھی بتائیں۔ بچوں کو بتائیں کہ سب سے اوپر دائیں طرف تاریخ، مہینا اور سال لکھا جاتا ہے۔ اگر آپ دن بھی لکھا چاہیں تو لکھ سکتے ہیں۔ تاریخ، مہینا اور دن لکھنے کا مقصد یہ ہے کہ ہمیں یاد رہے کہ صفحے پر لکھے گئے حالات و واقعات کب اور کس دن رونما ہوئے تھے۔
- بورڈ پر نمونے کے طور پر ذیل میں دی گئی ایک دن کی ڈائری لکھیں۔ ۷/مارچ
- آج نئے اسکول میں میرا پہلا دن تھا۔ سب بچوں نے نئے یونیفارم اور جوتے پہنے تھے۔ سب بہت خوش نظر آ رہے تھے۔ کمرہ جماعت میں استانی صاحبہ نے پہلے اپنا اور پھر جماعت میں موجود تمام طلبہ کا تعارف کروایا۔ استانی صاحبہ نے ایک اور نئے ہم جماعت طالب علم احمد کا تعارف کروایا اور اسے میرے ساتھ والی کرسی پر بیٹھا دیا۔ ہم دونوں دوست بن گئے۔ جوں ہی آدھی چھٹی کی گھنٹی بجی، سب بچے کھیل کے میدان میں چلے گئے۔ میں نے اور احمد نے دیگر ساتھیوں کے ساتھ مل کر فٹ بال کھیلا۔ پھر ہم کھیل کے میدان میں جھولا جھولنے چلے گئے۔ جھولوں پر بہت رش تھا۔ جھولے پر سے مجھے دھکا لگا اور میں نیچے گر گیا۔ میرے پاؤں پر چوٹ لگ گئی۔ ارد گرد موجود بچوں نے احمد کے ساتھ مل کر مجھے اٹھانے میں مدد کی۔ جس بچے سے مجھے دھکا لگا تھا اس نے مجھ سے اپنی غلطی کی معافی مانگی۔ چھٹی کے وقت احمد نے میرا بستہ اٹھانے میں میری

مدد کی اور مجھے ابا جان کی گاڑی تک چھوڑ کر آیا۔ میں آج بہت خوش ہوں کیونکہ مجھے احمد جیسا اچھا دوست جو مل گیا۔ اچھی ڈائری میں اب سونے جا رہا ہوں۔ کل ملیں گے۔ ان شاء اللہ !

- بورڈ پر لکھی گئی ایک دن کی ڈائری پہلے خود پڑھیں اور پھر دو یا تین بچوں سے باری باری بلند آواز میں پڑھوائیں۔
- ڈائری پڑھوانے کے بعد بچوں سے درج ذیل سوالات پوچھیں:
- ڈائری میں کیا لکھا جاتا ہے؟
- ڈائری میں سب سے پہلے کیا لکھتے ہیں؟
- ڈائری میں واقعات کس ترتیب سے لکھے جاتے ہیں؟
- بچوں سے بات چیت کریں کہ جس دن چھٹی ہوتی ہے، وہ کیا کرتے ہیں۔ بچوں سے پوچھیں کہ ان کی زندگی کا یادگار دن کون سا ہے۔ انھوں نے وہ دن کیسے گزارا تھا؟ جماعت کے سب بچوں کو اپنی گفتگو میں شریک کریں۔
- اب بچوں میں ورک شیٹ تقسیم کریں اور بچوں کو ہدایت دیں کہ انھوں نے علی کی ایک دن کی ڈائری پڑھی ہے۔ بچوں سے کہیں کہ اپنے کسی ایک دن کی سرگرمیوں کے احوال ڈائری کی صورت میں لکھیں۔ کام کے دوران میں بچوں کی مدد اور رہنمائی کریں۔
- کام کے اختتام پر بچوں کے کام کا معائنہ کریں اور ان کو شاباش دیں۔ اس ورک شیٹ کو بچوں کی کاپیوں کے ساتھ چسپاں کر دیں۔

**اعادہ:**(3منٹ) جماعت میں کرائے گئے کام کا اعادہ کروائیں۔

**جائزہ:**(5منٹ) جماعت میں لکھوائی گئی ڈائری باری باری دو سے تین بچوں سے سنیں۔ مختلف بچوں سے ڈائری کی تعریف سنیں اور اصلاح کریں۔

**گھر کا کام:**(2منٹ) بچوں سے کہیں اپنے دن کے احوال روزنامچے کی صورت میں کاپیوں میں لکھیں۔

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: یونٹ: 1 | جماعت: چہارم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ: 4 | وقت: 40 | تاریخ: |
| پیریڈ: 6 | سبق کا نام: یہ وطن تمھارا ہے (نظم) | |

**مقاصد:** نظم درست تلفظ، لے، آہنگ اور روانی سے پڑھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، تختہ تحریر، کتاب "اُردو چہارم"، تصویریں، ٹوکری، پاسا، نظم میں آنے والے مشکل الفاظ کے کارڈ

**تحریکی سرگرمی:**

- کمرہ جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- اب بچوں کے دو گروہ بنا دیں۔ جماعت کے بچوں کے پانچ گروہ بنا کر انھیں ایک ایک صوبے کی مختلف تصویریں دے دیں۔ پانچویں گروہ کو گلگت بلتستان اور آزاد کشمیر کے بارے میں تصویریں دے دیں۔ بچوں کو کچھ وقت دیں کہ وہ ان تصویروں کو غور سے دیکھیں اور ان کے بارے میں آپس یں بات چیت کریں۔ اس کے لیے انھیں مخصوص وقت دیں۔
- مقررہ وقت کے بعد کسی ایک گروہ کے بچوں سے انھیں تفویض کیے گئے صوبے، علاقے کے بارے میں دریافت کریں۔ اسی طرح سے سرگرمی باقی گروہوں سے بھی کروائیں۔ درست طور پر یہ سرگرمی کرنے والے بچوں کی حوصلہ افزائی کریں۔

**تدریسی طریقہ کار:** (25 منٹ)

- مختلف سوالات کی مدد سے بچوں کو پڑھائی کے لیے آمادہ کریں۔ جیسے: ملی نغمہ کسے کہتے ہیں؟ وغیرہ۔
- بچوں کے جوابات کی حوصلہ افزائی کریں۔
- بچوں کو بتائیں کہ آج ہم اپنے وطن کے بارے میں ایک ملی نغمہ پڑھیں گے۔
- نظم "یہ وطن تمھارا ہے" کے آغاز سے پہلے ایک سرگرمی کریں۔ بچوں کے سامنے میز پر ایک ٹوکری میں الفاظ "پاسباں، آفتاب، بحر و بر، برگ و بار، داستاں" کے کارڈ الٹا کر رکھ دیں، جن کی پشت پر ایک تا پانچ نمبر لکھے ہوئے ہوں۔
- ٹوکری کے پاس پاسا (لڈو کا دانہ) رکھ دیں۔ کچھ بچوں کو باری باری بلائیں اور انھیں لڈو کا دانہ زمین پر لُڑھکانے کو کہیں۔ جو نمبر آئے، اس نمبر والا کارڈ ٹوکری میں سے نکالیں اور بچے سے متعلقہ لفظ درست تلفظ کے ساتھ پڑھنے کو کہیں۔
- درست پر حوصلہ افزائی اور غلط پر اصلاح کر دیں۔ اس طرح یہ سرگرمی مختلف بچوں سے باقی الفاظ پر کروائیں۔ اس کے بعد االفاظ کے یہ کارڈ لفظی دیوار پر چسپاں کر دیں۔

| |
| --- |
| • بچوں سے کتاب کا صفحہ نمبر 62 کھلوائیں۔ بچوں کے 4 گروہ بنا دیں۔ اب 4 پرچیاں بند کر کے ایک ٹوکری میں ڈالیں، جن پر 1 تا 4 نمبر لکھے ہوں۔<br>وہ ٹوکری باری باری ہر گروہ کے سامنے کریں اور انھیں اس میں سے کوئی سی ایک پرچی اٹھانے کے لیے کہیں۔ جس گروہ کے پاس جس نمبر کی پرچی آئے گی، وہ گروہ نظم کے اسی بند کی پڑھائی کرے گا۔<br>• بچوں سے باری باری نظم کی با آواز بلند خواندگی کروائیں۔ اس دوران میں خیال رکھیں کہ بچے ہر مصرع درست تلفظ اور ترنّم سے پڑھیں ۔ جہاں<br>بچوں کو کوئی لفظ پڑھنے میں دقّت پیش آ رہی ہو گی تو اس کی اساتذہ رہنمائی کریں گے۔ علاوہ ازیں پڑھنے کے دوران میں جن الفاظ کا بچے غلط تلفظ ادا کریں، وہ بورڈ پر لکھتے جائیں اور جب بچہ شعر مکمل کر لے تو اس کی اصلاح کریں۔ دورانِ پڑھائی کی جانے والی غلطیوں پر بچوں کو ٹوکا نہ جائے۔ اس سے بچے اپنی خود اعتمادی کھو دیتے ہیں اور جماعت کی سرگرمیوں میں حصہ لینے پر جھجک محسوس کرتے ہیں۔ |
| **اعادہ:** (3 منٹ) پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کروائیں اور غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔ |
| **جائزہ:** (5 منٹ) ایک ٹوکری میں جماعت کے مختلف بچوں کے ناموں کی پرچیاں ڈال دیں۔ جماعت کے بچوں سے ان میں سے چند پرچیاں نکلوائیں ۔ جن بچوں کے نام آئیں، ان سے نظم کی بلند خوانی کروائیں۔ غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔ کروائیں۔ غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔ |
| **گھر کا کام:** (2 منٹ) پڑھائی گئی نظم دہرائیں۔ |